## کراچی کے علاقے ڈیفنس میں ویلنٹائن ڈے منانے والے شہریوں پر مسلح طالبان کے حملہ اور نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں پر تشدد قابل مذمت ہے۔الطاف حسین

## واقعہ کھلی غنڈہ گردی، دہشت گردی اور کراچی میں طالبانائزیشن کی کوششوں کا حصہ ہے

## تقریب پر حملے اور معصوم شہریوں پر تشدد کرنے والے مسلح افراد کو گرفتار کیا جائے

لندن۔۔۔14فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے ڈیفنس سوسائٹی میں ویلنٹائن ڈے اور بسنت منانے والے شہریوں پر مسلح طالبان کے حملے اور نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کو تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ویلنٹائن ڈے، بسنت یا کوئی بھی خوشی منانا شہریوں کا بنیادی حق ہے اور کوئی بھی ان سے ان کا یہ بنیادی حق نہیں چھین سکتا لیکن آج جب ڈیفنس کے علاقے میں واقع نثار شہید پارک میں وہاں کے شہری نوجوان، بزرگ، خواتین اور بچے ویلنٹائن اور بسنت کی تقریب منا رہے تھے کہ مذہبی انتہا پسند عناصر جو ڈنڈوں اور دیگر ہتھیاروں سے مسلح تھے،انہوں نے اس تقریب پر حملہ کر دیا اور تقریب میں شریک نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا اور کافی دیر تک انہیں یرغمال بنائے رکھا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ امن، محبت اور خوشی کی تقریب میں شریک لوگوں پر ڈنڈا بردار مذہبی انتہا پسندوں کے اس حملہ اور لوگوں پر تشدد کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ کھلی غنڈہ گردی، دہشت گردی اور کراچی میں طالبانائزیشن اور ڈنڈا بردار شریعت نافذ کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے اور تمام امن پسند شہریوں کو اس دہشت گردی اور جبر کے خلاف متحد ہونا چاہیے۔جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا کہ ڈیفنس میں ویلنٹائن کی تقریب پر حملے اور معصوم شہریوں پر تشدد کرنے والے مسلح افراد کو گرفتار کیا جائے اور ان کی غنڈہ گردی بند کرائی جائے۔جناب الطاف حسین نے مسلح مذہبی انتہا پسند عناصر کے تشدد کے نتیجے میں زخمی ہونے والے افراد سے بھی دلی افسوس اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

## حکومت پاکستان کی مخلصانہ تحقیقات سے پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کے خاتمہ میں مدد ملے گی،الطاف حسین

## چند عناصر کے غلط عمل کی وجہ سے دنیا بھر میں پاکستان کا امیج بری طرح متاثر ہو رہا ہے

## دہشت گردی کے خاتمہ کی جدوجہد پر حکومت پاکستان، وفاقی مشیر، مسلح افواج اور خفیہ اداروں کو خراج تحسین

## پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں اور محبِ وطن عوام کو حکومت کے مثبت اقدامات کی بھرپور حمایت کرنی چاہیے

## مشیر داخلہ رحمان ملک سے الطاف حسین کی ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔14،فروری2009ء......متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ممبئی حملوں کے حوالہ سے حکومت پاکستان کی مخلصانہ تحقیقات سے پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی اور غلط فہمیوں کے خاتمہ میں مدد ملے گی۔یہ بات انہوں نے جمعہ کی شب وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر مشیر داخلہ رحمان ملک نے جناب الطاف حسین کو ممبئی حملوں کے حوالہ سے حکومت پاکستان کی تحقیقات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک طرف چند عناصر کے غلط عمل کی وجہ سے دنیا بھر میں پاکستان کا امیج بری طرح متاثر ہو رہا ہے جبکہ دوسری طرف حکومت پاکستان، دنیا بھر میں پاکستان کا امیج بہتر کرنے کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ممبئی حملوں کے حوالہ سے حکومت پاکستان کی مخلصانہ تحقیقات سے پاکستان اور بھارت کے درمیان نہ صرف کشیدگی اور غلط فہمیوں کے خاتمہ میں مدد ملے گی بلکہ دونوں ممالک کے کشیدہ تعلقات میں بھی بہتری آئے گی۔جناب الطاف حسین نے مشیر داخلہ سے کہا کہ آپ نے ہمت اور جرات کا مظاہرہ کیا اور اپنی حالیہ پریس کانفرنس کے ذریعہ قوم کو حقائق سے آگاہ کیا ہے اس سے دنیا بھر میں پاکستان کا امیج بہتر ہوا ہے اور پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں اور محبِ وطن عوام کو حکومت کے مثبت اقدامات کی بھرپور حمایت کرنی چاہیے۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے حکومت پاکستان بالخصوص وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک، مسلح افواج اور خفیہ اداروں کے اقدامات کو سراہا اور انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم، دہشت گردی اور انتہاء پسندی کے خاتمہ کی جدوجہد میں نہ صرف حکومت کے ساتھ ہے بلکہ اس سلسلے میں حکومت کے ہر مثبت اقدامات کی حمایت بھی کرتی ہے۔

## کراچی کے علاقے منگھوپیر سے شدت پسند طالبان کی گرفتاری سے ایک بار پھر ثابت ہوگیا ہے کہ طالبان کراچی میں اپنی سرگرمیوں کا دائرہ بڑھا رہے ہیں ۔رابطہ کمیٹی

## مختلف علاقوں میں قبائلی علاقوں سے آنے والے طالبان نے اپنے ٹھکانے قائم کرلئے ہیں، کراچی کے امن اور امن پسند شہریوں کو شدید خطرہ لاحق ہے

## طالبان کی گرفتاری نے طالبانائزیشن کے بارے میں قائد تحریک الطاف حسین کی بات کو ایک بار پھر درست ثابت کردیا ہے

## جولوگ طالبانائزیشن کے خطرے کو واویلا قرار دیتے رہے اب ان کی بھی آنکھیں کھل جانی چاہئیں

## دہشت گردوں کی گرفتاری پر سی سی پی او کراچی وسیم احمد خان، پولیس اور سیکوریٹی فورسز کے جوانوں اور افسروں کو ایم کیو ایم کا زبردست خراج تحسین، وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کو مبارکباد

کراچی ۔۔14 فروری 2009ء......متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے منگھوپیر سے شدت پسند طالبان کے ایک گروپ کی گرفتاری کے بارے میں سی سی پی او کراچی وسیم احمد خان کی پریس کانفرنس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کی مختلف کارروائیوں میں ملوث طالبان کی کراچی سے گرفتاری سے ایک بار پھر ثابت ہوگیا ہے کہ طالبان کراچی میں اپنی سرگرمیوں کا دائرہ بڑھا رہے ہیں۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں صرف منگھوپیر ہی نہیں بلکہ شہر کے مختلف علاقوں میں قبائلی علاقوں سے آنے والے طالبان نے اپنے ٹھکانے قائم کرلئے ہیں اوروہ کراچی میں بھی دہشت گردی کی کارروائیاں کررہے ہیں جس سے کراچی کے امن اور امن پسند شہریوں کو شدید خطرہ لاحق ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے بھی چندروزقبل اپنے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ طالبان پاکستان پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور ملک کے کئی علاقوں پر طالبان کا کنٹرول ہوچکا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین گزشتہ کئی سالوں سے طالبانائزیشن کے خطرے سے آگاہ کررہے ہیں جس پر بعض مخالف سیاسی ومذہبی رہنماؤں نے انہیں بیجا تنقید کا نشانہ بھی بنایا کہ الطاف حسین طالبانائزیشن کا واویلا مچارہے ہیں لیکن آج ملک کے بڑے بڑے رہنما بھی طالبانائزیشن کے خطرے کے بارے میں قائد تحریک الطاف حسین کی بات کی تائید کررہے ہیں اور آج کراچی کے علاقے منگھوپیر سے طالبان دہشت گردوں کی گرفتاری نے طالبانائزیشن کے بارے میں قائد تحریک الطاف حسین کی بات کو ایک بار پھر درست ثابت کردیا ہے اور جولوگ طالبانائزیشن کے خطرے کو واویلا قرار دیتے رہے ہیں اب ان کی بھی آنکھیں کھل جانی چاہئیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ تمام اعتدال پسند سیاسی ومذہبی جماعتوں اور امن پسند عوام کو طالبانائزیشن کے خلاف متحد ہوجانا چاہیے۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کو گرفتار کرنے پر سی سی پی او کراچی وسیم احمد خان، کراچی پولیس اور سیکوریٹی فورسز کے جوانوں اور افسروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کو بھی مبارکباد پیش کی۔

## پیر آف گولڑہ شریف کے سجادہ نشین اور ممتاز روحانی شخصیت نصیرالدین نصیر کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

## پیر نصیرالدین نصیر کے انتقال سے ملک ایک روحانی عالم اور بزرگ ہستی سے محروم ہوگیا ہے، الطاف حسین

لندن ۔۔14 فروری 2009ء......متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیر آف گولڑہ شریف کے سجادہ نشین اور ممتاز روحانی شخصیت نصیرالدین نصیر کے انتقال پر گہرے دکھ اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین اور عقیدت مندوں سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پیر نصیرالدین نصیر کے انتقال سے ملک ایک روحانی عالم اور بزرگ ہستی سے محروم ہوگیا ہے اوران کا خلا پر نہیں ہوسکے گا۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالی پیر نصیرالدین نصیر مرحوم اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور لواحقین وعقیدت مندوں صبر جمیل کی توفیق دے۔

## حق پرست عوام فہد احمد کی والدہ محترمہ کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن ۔۔۔14، فروری 2009ء......متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات نیوز سیکشن کے رکن فہد احمد کی والدہ محترمہ شمع صدیقی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ شمع صدیقی کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## گولڑہ شریف کے سجادہ نشین پیر نصیر الدین کی تدفین میں آزاد کشمیر کے حق پرست وزیر طاہر کھوکھر ایم کیو ایم پنجاب کے ڈپٹی آرگنائزر ملک زاہد و دیگر کی شرکت

اسلام آباد۔۔14فروری2009ء...... گولڑہ شریف کے سجادہ نشین پیر نصیر الدین نصیر مرحوم کی تدفین میں کشمیر کی قانون ساز اسمبلی حق پرست وزیر طاہر کھوکھر اور ایم کیو ایم پنجاب کے ڈپٹی آرگنائزر ملک زاہد محمود ایم کیو یم اسلام آباد کے مقامی ذمہ داران و کارکنان نے شرکت کی ۔ بعد ازاں طاہر کھوکھر نے مرحوم کے سوگوار لواحقین اور مرحوم کے عقیدت مندوں سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیتی پیغام پہنچایا۔انہوں نے مرحوم کی مغفرت اور سوگوارن کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی ۔

## ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن، سرجانی ٹاؤن سیکٹرز اور قمبر شہداد کوٹ زون کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔14،فروری2009ء...... متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 113 کے کارکن جاوید کی والدہ محترمہ نور جہاں، ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن محمد کاشف کے والد محمد رفیق ، ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ منگھو پیر کے کارکن فیروز کی والدہ محترمہ شکیلہ بی بی اور ایم کیو ایم قمبر شہداد کوٹ زون یونٹ قمبر علی خان کے کارکن امتیاز کے والد علی اکبر لاکھو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن مظفر حسین کو غیر معینہ مدت، بلدیہ ٹاؤن یوسی 7 کے کارکن حکم روان کو تین ماہ جبکہ حیدرآباد زون سیکٹر D یونٹ A-5 کی یونٹ کمیٹی کے رکن ارشد لودھی کو چھ ماہ کیلئے تنظیم سے معطل کردیا گیا

کراچی ۔۔۔14،فروری2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-112 کے کارکن مظفر حسین ولد محمد نواز کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایمکیو ایم بلدیہ ٹاؤن یوسی 7 کے کارکن حکم روان ولد محمد روان کو تین ماہ جبکہ ایم کیو ایم حیدرآباد زون سیکٹر D، یونٹ A-5 کی یونٹ کمیٹی ارشد لودھی ولد عبدالوحید خان لودھی کو چھ ماہ کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆